بگ ڈیٹا کا تجزیہ | شادی اور بچوں کی پیدائش

# پاکستانی خواتین میں شادی اور پہلے بچے کی پیدائش کی عمر میں تاخیردیکھنے میں آئی ہے، تاہم، بچوں کی پیدائش کا مجموعی دورانیہ اب بھی طویل ہے۔

اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ شادی اور بچوں کی پیدائش کے آغاز، دونوں میں معمولی تاخیر ہوئی ہے۔شادی کی اوسط عمر 1990-91 میں 18 سال تھی، جو 2017-18 میں بڑھ کر 19سال ہوگئی۔ اسی طرح پہلے بچے کی پیدائش کی اوسط عمر 20 سال سے بڑھ کر 21 سال ہوگئی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

GALLUP PAKISTAN

# پریس ریلیز

## بگ ڈیٹا کا تجزیہ

## شادی اور بچوں کی پیدائش

## پاکستانی خواتین میں شادی اور پہلے بچے کی پیدائش کی عمر میں تاخیر دیکھنے میں آئی ہے، تاہم، بچوں کی پیدائش کا مجموعی دورانیہ اب بھی طویل ہے۔

(اسلام آباد)، 04 اگست 2026

گیلپ پاکستان ڈیجیٹل اینالیٹکس (Gallup Pakistan Digital Analytics) نے 'پاکستان ڈیموگرافک اینڈ ہیلتھ سروے' (PDHS) کے 1990-91 اور 2017-18 کے ڈیٹا کا تجزیہ کیا ہے تاکہ یہ دیکھا جاسکے کہ تقریباً تین دہائیوں (30 سال) کے دوران خواتین کی شادی اور بچوں کی پیدائش سے متعلق اہم مراحل میں کیا تبدیلی آئی ہے۔

اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ شادی اور بچوں کی پیدائش کے آغاز، دونوں میں معمولی تاخیر ہوئی ہے۔ شادی کی اوسط عمر 1990-91 میں 18 سال تھی، جو 2017-18 میں بڑھ کر 19 سال ہو گئی۔ اسی طرح پہلے بچے کی پیدائش کی اوسط عمر 20 سال سے بڑھ کر 21 سال ہو گئی۔

اس کے ساتھ ہی، آخری بچے کی پیدائش کی اوسط عمر 36.2 سال سے کم ہو کر 33.8 سال پر آ گئی ہے۔ یہ 2.4 سال کی کمی ہے، لیکن اس سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ اکثر خواتین 30 سے 35 سال کی عمر کے درمیان (mid-30s) تک بچے پیدا کرتی رہتی ہیں۔

### شادی اور پہلے بچے کی پیدائش کی عمر میں تاخیر

شادی اور پہلے بچے کی پیدائش کی اوسط عمر میں ایک سال کا اضافہ ظاہر کرتا ہے کہ خاندان کے آغاز میں تدریجی (آہستہ آہستہ) تبدیلی آ رہی ہے۔ پاکستانی خواتین، 1990-91 کے مقابلے میں، اب اوسطاً تھوڑی دیر سے شادی کر رہی ہیں اور دیر سے ماں بن رہی ہیں۔

### بچہ پیدا کرنے کے دورانیے (وقفے) میں معمولی کمی

پہلے اور آخری بچے کی پیدائش کی اوسط عمر کے فرق کو ایک سادہ موازنے کے طور پر دیکھا جائے، تو بچہ پیدا کرنے کا مجموعی دورانیہ 1990-91 میں 16.2 سال تھا، جو 2017-18 میں کم ہو کر 12.8 سال رہ گیا ہے۔

یہ ایک قابلِ ذکر کمی ہے، لیکن یہ عرصہ اب بھی طویل ہے۔ خواتین عموماً 20 سے 25 سال کی عمر کے دوران بچوں کی پیدائش شروع کرتی ہیں اور، درمیانی عمر کے حساب سے، ان کا آخری بچہ 30 سے 35 سال کی عمر کے دوران پیدا ہوتا ہے۔

بچہ پیدا کرنے کا لمبا دورانیہ زندگی بھر میں زیادہ بار حمل ٹھہرنے اور بڑی عمر میں بچوں کی پیدائش کے امکانات کو بڑھا سکتا ہے۔ تاہم، صرف یہ اعداد و شمار بچوں کی پیدائش کے درمیان وقفے، بچوں کی مجموعی تعداد یا ہر خاتون کے حمل سے متعلق انفرادی خطرات کے بارے میں نہیں بتاتے۔ ان چیزوں کو سمجھنے کے لیے الگ تجزیے کی ضرورت ہے۔

مجموعی طور پر، یہ کسی بڑی یا اچانک تبدیلی کے بجائے ایک آہستہ تدریجی تبدیلی کو ظاہر کرتی ہے۔ شادی اور بچوں کی پیدائش کا آغاز تھوڑی تاخیر سے ہو رہا ہے، اور بچہ کی پیدائش کا اختتام پہلے کی نسبت جلد ہو رہا ہے، لیکن پاکستان میں شرح پیدائش اور خاندانی تشکیل سے متعلق تبدیلی کا عمل ابھی مکمل نہیں ہوا۔

GALLUP PAKISTAN · DATA JOURNALISM

Gallup Pakistan

# Pakistani women are marrying and starting families later — but the childbearing window stays wide open

Median age at first marriage, first birth, and last birth. Age at last birth restricted to women 40-49 with at least one child.

● Median age at first marriage ● Median age at first birth ● Median age at last birth




Computed from Pakistan Demographic and Health Survey microdata (NIPS), weighted medians. Age at first marriage and first birth: women 25-49. Age at last birth: women 40-49 with at least one child (standard DHS convention).

**MARRIAGE AND FIRST BIRTH HAVE SHIFTED LATER**

Median age at first marriage rose from 18.0 to 19.0, and age at first birth from 20.0 to 21.0, over 27 years — a modest but real one-year shift on both fronts.

**THE CHILDBEARING WINDOW HAS BARELY NARROWED**

Median age at last birth fell only 2.4 years (36.2 → 33.8). Pakistani mothers are still bearing children well into their mid-to-late 30s — consistent with the slower decline in family size seen elsewhere in the data.

Source: Pakistan Demographic and Health Surveys 1990-91 and 2017-18 (NIPS).

*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**نوٹ:** یہ مدت (وقفہ) سب سے آخری بچے کی پیدائش کی اوسط عمر میں سے پہلے بچے کی پیدائش کی اوسط عمر کو تفریق (مائنس) کرکے نکالی گئی ہے۔ یہ مختلف اوسط اعداد و شمار کا ایک عمومی موازنہ ہے، اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ہر عورت کا بچہ پیدا کرنے کا دورانیہ اتنا ہی ہے۔

یہ تجزیہ گیلپ پاکستان نے نیشنل انسٹیٹیوٹ آف پاپولیشن اسٹڈیز کی جانب سے کیے گئے ڈیمو گرافک اینڈ ہیلتھ سروے 1990-91 اور 2017-18 کے ڈیٹا کو استعمال کرتے ہوئے کیا ہے۔ ڈی ایچ ایس (DHS) کے طے شدہ عالمی اصولوں کے مطابق، شادی اور پہلے بچے کی پیدائش کے وقت عورت کی اوسط عمر 25 سے 49 سال کی خواتین کے ڈیٹا سے لی گئی ہے، جبکہ آخری بچے کی پیدائش کے وقت کی اوسط عمر 40 سے 49 سال کی ان خواتین کے ڈیٹا سے معلوم کی گئی ہے جن کا کم از کم ایک بچہ ہو۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 04 August 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating
46
years
of Gallup Pakistan
(1980-2026)